لاہور اسلام آباد مظفر آباد پشاور ملتان رحیم یار خان کوئٹہ کراچی کی خبریں

Daily Waqat International Islamabad

روزنامہ
وقت انٹرنیشنل
اسلام آباد

چیف ایڈیٹر جہانگیر افضل کیانی

ایگزیکٹو ایڈیٹر
عقیلہ حسن راجپوت

ایڈیٹر
آرب ہاشمی

ریزیڈنٹ ایڈیٹر
چوہدری منیر احمد گوندل

جلد نمبر 11 | بدھ 28 جنوری 2026، 8 شعبان 1447ھ 16 ماگھ 2082ب صفحات 6 قیمت 20 | شمارہ 114

وفاقی محتسب خضدار کا ایک اور کامیاب ریلیف

خضدار (نامہ نگار) وفاقی محتسب ریجنل آفس خضدار نے شہری کے دیرینہ مسئلے کو حل کرتے ہوئے ایک اور مؤثر ریلیف فراہم کر دیا۔ ضلع خضدار کی تحصیل توتک سے تعلق رکھنے والے درخواست گزار محمد نے اپنی اہلیہ کے قومی شناختی کارڈ کے اجراء میں غیر ضروری تاخیر کے خلاف وفاقی محتسب ریجنل آفس خضدار میں درخواست جمع کروائی تھی۔ درخواست میں مؤقف اختیار کیا گیا تھا کہ تمام کوائف مکمل ہونے کے باوجود ان کی زوجہ کا شناختی کارڈ جاری نہیں کیا جا رہا تھا، جس کے باعث انہیں شدید مشکلات کا سامنا تھا۔ وفاقی محتسب خضدار آفس کی فوری مداخلت اور متعلقہ ادارے سے رابطے کے بعد مسئلہ حل کر لیا گیا اور درخواست گزار کی اہلیہ کا شناختی کارڈ بنوا دیا گیا۔ درخواست گزار نے بروقت کارروائی پر وفاقی محتسب خضدار کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اسے عوام کیلئے ایک مؤثر فورم قرار دیا۔

راولپنڈی، اسلام آباد، مظفر آباد، لاہور اور پشاور میں سب سے زیادہ پڑھا جانے والا منفرد اخبار

Web:www.aikawaz.com , Email:dailyaikawaz@gmail.com

ABC Certified

کرپشن اور ناانصافی کے خلاف

Daily: Aik Awaz

روزنامہ ایک آواز راولپنڈی

Fax:051-4456660

0300-5258335

ایڈیٹر: سید ضیاء گیلانی

جلد 11 | بدھ، 08 شعبان المعظم، 1447ھ، 28 جنوری، 2026، صفحات 08 قیمت 30 روپے | شمارہ 266

وفاقی محتسب کے احکامات پر درخواست گزار کی پینشن کی رقم ریکور

پرویز خان کو چار لاکھ پچانوے ہزار روپے کی ادائیگی کر دی گئی

کوئٹہ (نزیر احمد قادری سے) وفاقی محتسب کے بروقت اور منصفانہ احکامات پر درخواست گزار پرویز خان کی پینشن کی رقم ریکور کر کے ادا کر دی گئی۔ درخواست گزار کے مطابق ان کی پینشن کی رقم، جو کہ چار لاکھ پچانوے ہزار روپے تھی، غلطی سے کسی دوسرے شخص کے اکاؤنٹ میں منتقل کر دی گئی تھی۔ درخواست گزار نے بتایا کہ انہوں نے متعلقہ محکمہ سے متعدد بار رابطہ کیا، تاہم کوئی شنوائی نہ ہوئی اور انہیں چھ ماہ تک دفاتر کے چکر لگوائے جاتے رہے۔ بالآخر مجبور ہو کر انہوں نے وفاقی محتسب کوئٹہ سے رجوع کرتے ہوئے متعلقہ محکمہ کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے فوری طور پر انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمہ کو طلب کر کے کیس کی سماعت شروع کی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب پیش نہ کر سکا۔ جس پر وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کی پینشن کی رقم جلد از جلد ریکور کر کے ادا کی جائے۔ احکامات موصول ہونے پر متعلقہ محکمہ نے چار لاکھ پچانوے ہزار روپے کی رقم ریکور کر کے درخواست گزار کے اکاؤنٹ میں منتقل کر دی۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار پرویز خان نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

لاہور اسلام آباد مظفر آباد پشاور ملتان رحیم یار خان کوئٹہ کراچی کی خبریں

Daily Waqat International Islamabad

روزنامہ
وقت انٹرنیشنل
اسلام آباد

چیف ایڈیٹر جہانگیر افضل کیانی

ایگزیکٹو ایڈیٹر
عقیلہ حسن راجپوت

ایڈیٹر
آرب ہاشمی

ریزیڈنٹ ایڈیٹر
چوہدری منیر احمد گوندل

جلد نمبر 11	بدھ 28 جنوری 2026،8 شعبان 1447ھ 16 ماگھ 2082ب صفحات 6 قیمت 20	شمارہ 114

وفاقی محتسب خضدار کی مداخلت، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کا فنڈ بحال

خضدار(نامہ نگار) وفاقی محتسب ریجنل آفس خضدار کی مؤثر کارروائی کے نتیجے میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) سے محروم ہونے والی خاتون کا فنڈ بحال کر دیا گیا۔تفصیلات کے مطابق گوٹھ وندر کی رہائشی درخواست گزار بی بی فہمیدہ نے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی امدادی رقم بند ہونے پر وفاقی محتسب خضدار آفس سے رجوع کیا۔ درخواست موصول ہونے کے بعد متعلقہ حکام سے رابطہ کیا گیا اور معاملے کو فوری بنیادوں پر اٹھایا گیا۔وفاقی محتسب آفس کی بروقت مداخلت کے نتیجے میں بی بی فہمیدہ کا 14,500 روپے کا فنڈ بحال کر دیا گیا، جس پر درخواست گزار نے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی محتسب خضدار کا شکریہ ادا کیا۔عوامی حلقوں نے وفاقی محتسب آفس کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس ادارے کی بدولت عام شہریوں کے مسائل بروقت حل ہو رہے ہیں۔